پودوں کی تحقیق: ایک پری اسکول متعلقہ خدمات والدین کے لیے وسائل

مکرمی والدین،

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کے اس پری اسکول متعلقہ خدمات والدین کے لیے وسائل کی چھان بین کرنے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔ یہ وسیلہ آپ کو ایسے طریقے فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے آپ اپنے بچے کی کلاس روم میں کیے جانے والے کام کی گھر پر یا برادری میں مدد کرسکتے ہیں اور اسے آگے بڑھا سکتے ہیں۔ بچے کی نشوونما کے پانچ شعبوں میں روزانہ سرگرمیاں فراہم کی جاتی ہیں:

- **تدریس کے طریقِ کار** (تجسس، استقلال، تخلیقی صلاحیت، اور تخیلی صلاحیت)
- **جسمانی نشو ونما اور صحت** (چلنا، چڑھنا، رقص کرنا، رنگ بھرنا، کاٹنا اور پینٹ کرنا)
- **سماجی اور جذباتی فروغ** (دوسروں کے ساتھ میل، جذبات کا اظہار، ادراک، اور معمولات کی پیروی کرنا)
- **ابلاغ، زبان اور خواندگی** (واضح بولنا، کہانیوں کو سمجھنا، اور سوالات پوچھنا)
- **ادراک اور دنیا کا علم** (گننا، پیٹرنز کو سمجھنا، پیش گویاں کرنا اور مشاہدے، خاندان اور برادری کا شعور)

NYC DOE پری اسکول متعلقہ خدمات والدین کے لیے وسائل کا یہ شمارہ پودوں کے موضوع پر توجہ مرکوز کرے گا، ایک موضوع جس پر آپ کے بچے کا پری کنڈرگارٹن کلاس روم چھان بین کرسکتا ہے۔ یہ موضوع آپ کو اپنے بچے کی اردگرد کے ماحول کی چھان بین اور مشاہدہ کرنے میں مدد کا موقع دیتا ہے۔ یہ وسیلہ آپ کو اپنے بچے کے ساتھ ان کی پودوں کے بارے میں سمجھ اور وہ کس طرح بڑھتے اور تبدیل ہوتے ہیں سے متعلقہ مخصوص صلاحیتوں پر کام کرنے کے لیے گھر اور برادری کو استعمال کرنے میں مدد کرے گا۔

نیک تمنائیں،

پری اسکول متعلقہ خدمات ٹیم

پری اسکول متعلقہ خدمات ٹیم DOE کے خاص تعلیم دفتر کا ایک حصہ ہے۔ اس ٹیم میں پیشہ وارنہ معالج، جسمانی معالج، اور گویائی اور زبان کے معالج شامل ہوتے ہیں جو پانچوں بروز میں طلبا کی تعلیمی مستعدی کو فروغ دینے کے لیے پُرعظم ہیں۔ اگر آپ متعلقہ خدمات اور پری اسکول خاص تعلیم طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ کرم DOE کی ویب سائٹ schools.nyc.gov پر جائیں اور "Special Education" اور "Moving to Preschool" پر کلک کریں۔

گویائی اور زبان کا علاج اسکول اور سماجی ماحول میں بچے کے سننے، بولنے، ذخیرۂ الفاظ، اور زبان کو سمجھنے کو بہتر بنانے کے طریقوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ذیل کی سرگرمیاں ان شعبوں کی اعانت میں مدد کرسکتی ہیں:

- اپنے بچے کی سمجھنے اور کون، کیا، کیسے، کب اور کہاں کو استعمال کرتے ہوئے سوالات پوچھنے میں مدد کرکے۔ مثال کے طور پر: "مالٹے دکان پر کس طرح پہنچے؟" "جب پتے درخت سے گرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟"
- اپنے بچے کو کھانے کے لیے مختلف اقسام کے پھل اور سبزیاں فراہم کریں۔ ہر چیز جس طرح کی نظر آتی ہے، اسکی خوشبو اور مزے کے بارے میں بات کریں۔ سوالات پوچھیں کہ چیزیں کس طرح مماثل یا مختلف ہیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ اندازہ لگانے کا کھیل کھلیں۔ پودوں، پھلوں یا سبزیوں سے متعلقہ چیزوں کی وضاحت فراہم کریں۔ مثال کے طور پر: یہ نارنجی رنگ کی، لمبی چیز ہوتی ہے اور خرگوش اسے کھانا پسند کرتے ہیں۔"
- اپنے بچے کی ایک آرٹ پروجیکٹ بنانے میں مدد کریں جس میں دو یا زیادہ مراحل درکار ہوں۔ اپنے بچے کو سرگرمی مکمل کرنے کے لیے مراحل کی ترتیب کا فیصلہ کرنے دیں۔ مثلاً، "پہلے ایک پھول بنائیں، پھر اسے کاٹیں۔"

جسمانی علاج بچے کی حرکاتی نشو ونما، جیسے چلنا، دوڑنا اور توازن اور ہم آہنگی کو بہتر بنانے کے طریقوں پر توجہ دیتا ہے۔ ذیل کی سرگرمیاں ان شعبوں کی اعانت میں مدد کرسکتی ہیں:

- جب باہر ہوں، اپنے بچے کو گھر پر ایک آرٹ پروجیکٹ بنانے کے لیے مختلف چیزیں جیسے پتے، شاخیں، پھول یا درخت کی چھال جمع کرنے کے لیے مارچ کرنے، کودنے یا دوڑنے دیں۔
- دکان میں، اپنے بچے کو کارٹ دھکیلنے دیں اور کارٹ میں رکھنے کے لیے پھل اور سبزیاں اٹھانے دیں۔
- پیدل سیر کو جائیں اور اپنے بچے کو سوکھے پتے یا وہ پتے جو ابھی درخت سے گرے ہیں، پیروں تلے روندنے دیں۔ پتوں سے پیدا ہونے والی مختلف آوازوں کے بارے میں بات کریں۔
- پودے کس طرح نشو ونما پاتے ہیں اس بارے میں ایک گانا گائیں یا کتاب پڑھیں۔ اپنے بچے کو یہ دکھانے کے لیے کہ پودے کس طرح بڑھتے ہیں ان کے جسم کو حرکت دینے کے لیے کہیں، جیسے نیچے جھکنا اور آہستہ سے کھڑے ہونا اور آسمان کی جانب بڑھنا۔

ذہنی یا جسمانی ورزش سے علاج لطیف حرکتی، بصری ادراک، تنظیم، حسی عمل اور توجہ کی صلاحیتوں پر کام کرتے ہوئے بچے کی روزمرہ کی زندگی اور تعلیمی سرگرمیوں میں خودمختاری کو بہتر بنانے میں مدد کرنے پر توجہ دیتا ہے۔ ذیل کی سرگرمیاں ان شعبوں کی اعانت میں مدد کرسکتی ہیں:

- اپنی انگلیوں کو استعمال کرتے ہوئے، آپ کا بچہ ریت، مٹی، کیچڑ، پینٹ اور شیونگ کریم میں پودوں اور پھولوں کی تصاویر بنا سکتا ہے یا پلے ڈو سے درخت یا پھول بنا سکتا ہے۔
- انڈیکس کارڈز پر مختلف پودوں اور پھولوں کے جوڑوں کی تصاویر بنائیں اور اپنے بچے کے ساتھ یادداشت کے ذریعے میل کرنے کا کھیل کھیلیں۔ اپنے بچے کی کارڈز کو الٹا کرکے قطاروں میں ترتیب دینے میں مدد کریں۔ میل کھاتی تصاویر ڈھونڈنے کے لیے دو کارڈز کو پلٹنے کی باری لیں۔
- اپنے بچے کو مختلف سائز کے بینز اور بیج فراہم کریں۔ انہیں چھوٹے بیگس میں رکھیں اور اپنے بچے کو ایک ایک کرکے بیج اور بینز نکالنے اور مختلف پیٹرنز بنانے کے لیے کہیں۔